# JOB DESCRIPTION

&

## Job Specification

2023

شعبہ ائمہ مساجد

# امام مسجد

(Mosque Imam)

Karkardagi Form & Madani Phool

(PAK MUSHAWARAT OFFICE) FSD

1. **پلاننگ**:۔ مسجد کے جملہ امور کی جدید تقاضوں(Latest Trends) کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ(Implement) کرنا/کروانا۔

2. **بنیادی کام**(Core Activities )

### 2.1 لازمی امور(Essential Responsibilities)

2.1.1 فجر کی جماعت سے 25 منٹ پہلے اذان دینا۔

2.1.2 جماعت سے پہلے مسجد کے اطراف میں عاشقانِ رسول کو نمازِ فجر کے لئے جگانا۔

2.1.3 طلوعِ آفتاب سے 25 منٹ پہلے فجر کی جماعت کروانا۔

2.1.4 فجر کی جماعت کے بعد تفسیر سننے سنانے کا حلقہ لگانا۔

2.1.5 مسجد درس کی ترکیب کرنا/کروانا اور اہلِ محلّہ کے بچوں کو قرآن پاک پڑھانا۔

2.1.6 مدرسۃ المدینہ بالغان لگانا اور شرکاء(Participants) کیساتھ مل کر چوک درس دینا۔

2.1.7 عصر تا مغرب روحانی علاج(Spiritual Treatment) کا بستہ لگانا۔

2.1.8 مسجد کے نمازیوں سے مل کر ہفتہ وار علاقائی دورہ کرنا۔

2.1.9 اجتماعی طور پر مدنی مذاکرہ دیکھنے کی ترکیب کرنا۔

2.1.10 اپنی مسجد سے نمازیوں کو ہفتہ وار اجتماع(Weekly Congregation) میں شرکت کروانا۔

2.1.11 ہر ماہ شعبہ مدنی قافلہ کی طرف سے ملنے والی سمت پر مدنی قافلے میں سفر کرنا (متبادل(Alternative) نہ ہونے کی صورت میں اپنی ہی مسجد میں نمازیوں کو تیار کرکے مدنی قافلے کا جدول چلانا)۔

2.1.12 اذان، اعلان، دعا، بیان اور محافل مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق ہی کرنا/کروانا۔

2.1.13. اپنی مسجد میں آداب مسجد اور نوٹس بورڈ کے پینا فلیکس آویزاں کرنا۔

2.1.14. شعبہ اوقات الصلوۃ کے ذریعے مسجد کی گھڑی میں اوقات الصلوۃ سوفٹ ویئر انسٹال کروانا۔

2.1.15. قرآن پاک کی الماری کی صفائی اور رکھے گئے قرآنی نسخوں کا جائزہ اور ترتیب لگانا۔

2.1.16. مسجد کے جملہ معاملات، نئے پرانے سامان، اسٹور، تعمیرات، مدنی مرکز کے طریقہ کار کے مطابق دارالافتاء اہلسنت سے شرعی رہنمائی لے کر ہی کروانا۔

2.1.17. اپنی مسجد میں آخری عشرے کا اعتکاف کرنا/کروانا۔

2.1.18. مدنی مرکز/شعبے کی طرف سے آنے والے نوٹیفکیشن پر عمل کرنا/کروانا۔

## 2.2. ترغیبی امور (Desirable Responsibilities)

2.2.1. صبح صادق سے کم از کم 19 منٹ پہلے نماز تہجد باجماعت ادا کرنا۔

2.2.2. اشراق و چاشت کی نماز باجماعت ادا کرنا۔

2.2.3. نماز مغرب کے بعد اوابین کی جماعت کروانا۔

2.2.4. مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ ملک کی تلاوت (Recitation) کرنا۔

2.2.5. مدرسۃ المدینہ بالغان نمازِ عشاء کے بعد ہونے کی صورت میں اختتام پر **صلوٰۃ التّوبہ** باجماعت ادا کرنا۔

2.2.6. روزانہ کسی ایک نماز کے بعد درود پاک کی مختصر محفل کرنا۔

2.2.7. کسی ایک نماز میں تیاری کیساتھ شرعی مسئلہ بیان کرنا/سنتیں و آداب سکھانا۔

2.2.8. ہر پیر شریف کو عصر تا مغرب دعائے افطار کی ترکیب کرنا۔

مشاورت آفس پاکستان
Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

2.2.9. نماز جمعہ کی دعائے ثانی کے بعد: (1) آیت درود پڑھنا (2) درود رضویہ 19 مرتبہ پڑھنا (3) قصیدہ بردہ شریف کے دو اشعار پڑھنا (4) سلام کے دو اشعار اور ایک مقطع پڑھنا (5) مناجات کے دو اشعار اور ایک مقطع پڑھنا (6) آیت درود پڑھنا (7) مختصر دعا کروانا۔

2.2.10. ہفتہ وار صفائی کا انتظام (Arrangement) کرنا/کروانا۔

2.2.11. اپنا اور اپنے نمازیوں سے نیک اعمال کا رسالہ وصول کرکے اصلاح اعمال کے ذمہ دار کو جمع کروانا۔

2.2.12. اپنا متبادل (Substitute) امام تیار کرنا۔

2.2.13. ہر ماہ اہتمام کیساتھ اپنی مسجد میں گیارہویں شریف کرنا (تنظیمی ذمہ داران کے بیانات کروانا)

2.2.14. اپنے مقتدیوں کی خبر گیری کرنا، نماز میں نہ آنے والوں سے ملاقات کرنا اور بیماروں کی عیادت کرنا نیز تعزیت کرنا۔

2.2.15. مسجد کو آباد کرنے کے لئے قرب وجوار میں رہنے والے افراد پر انفرادی کوشش (Individual Effort) کرنا۔

2.2.16. اپنے مقتدیوں کو امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا مرید (Devotee) بنانا۔

2.2.17. مسجد انتظامیہ کیساتھ مل کر، ماہانہ چندہ، جمعہ کی جھولی اور لوہے کے باکس کے ذریعے مسجد کو خود کفیل (Self-Sufficient) کرنا۔

2.2.18. اپنی مسجد کے اطراف کے گھروں میں 50 گھریلو صدقہ باکس، 30 عطیات باکس اور مارکیٹ یا بازار میں ڈونیشن سیل لگوانا نیز رمضان عطیات، قربانی کی کھالیں، ٹیلی تھون جمع کرنا۔

2.2.19. مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق مسجد کی مکمل آمدن وخرچ کا حساب رکھنا، اور شعبے کے تحت آڈٹ مجلس کے ذریعے سے آڈٹ کروانا نیز اپنا ای رسید (E-Receipt) اکاؤنٹ بنوانا۔

2.2.20. عیدین اور بڑی راتوں کے اجتماعات کی مضبوط ترکیب بنانا (تنظیمی ذمہ داران کے بیانات کروانا)

2.2.21. اپنے مقتدیوں کو دعوت اسلامی کی طرف سے ملنے والی متعلقہ اپڈیٹس پہنچانا۔

2.2.22. اپنا اور اپنے مقتدیوں کا ماہنامہ فیضان مدینہ بک کروانا۔

پاکستان مشاورت آفس
Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

2.2.23. صراط الجنان Link تمہید الایمان Link بہار شریعت Link فرض علوم سیکھیئے Link کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب Link احیاء العلوم Link مکارم الاخلاق Link باطنی بیماریوں کی معلومات Link اور دعوت اسلامی کے شعبہ المدینۃ العلمیہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ کرنا۔

2.2.24. وقتاً فوقتاً نمازیوں کو نماز کورس، احکام مسجد کورس، 12 دینی کام کورس اور کفن دفن (Funeral Services) کورس کروانا۔

2.2.25. اپنے مقتدی اور اُن کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، امامت کورس، مدرس کورس، فیضان آن لائن اکیڈمی اور دیگر کورسز میں داخلے (Admission) کروانا۔

2.2.26. اپنے اور مقتدیوں کے موبائل میں ڈیجیٹل دعوت اسلامی موبائل ایپلیکیشنز انسٹال کرنا/کروانا۔

2.2.27. مدنی مرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق اجتماعی قربانی کرنا/کروانا۔

2.2.28. ای ایس ایس پر ہر نماز کی بروقت حاضری لگانا اور اپنے ذمہ دار کی اجازت اور متبادل کا تقرر کرکے رخصت پر جانا۔

3. **مدنی مشورے**(Meetings):۔ شعبہ ائمہ مساجد کے طے شدہ مدنی مشوروں میں پیشگی تیاری کے ساتھ اول تا آخر شرکت کرنا۔

4. **مطالعہ/کورسز**:۔ اپنے متعلق فرض علوم کا مطالعہ کرنا نیز شعبے کی طرف سے طے شدہ کورسز کرنا۔

5. **خودکفالت**(Self-Sufficiency):۔ اپنی مسجد کو ماہانہ کی بنیاد پر خود کفیل (Self-Sufficient) کرنے کی کوشش کرنا۔

6. **کارکردگیاں**(Performance Management):۔ مدنی مرکز/شعبے کی طرف سے دیئے گئے کاموں کی درست اور بروقت کارکردگی جمع کروانا۔

7. **رابطے میں رہیں**(Be in Contact):۔ شعبے سے متعلقہ ذمہ داران سے ملاقات کرنا، وٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا۔

Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)


madaniphoolpak@dawateislami.net 0310-8882064